Department of Education & Training

M.ED - II Semester Examination, May - 2015

Paper III : Environmental Education

تیسرا پرچہ : ماحولیاتی تعلیم

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

487

Part - A

I۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سات سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کے چھ (6) نشانات مقرر ہیں۔ **7 X 6 = 42**

1۔ بلگریڈ میں منعقدہ ماحولیاتی تعلیم سے متعلق بین الاقوامی ورکشاپ میں وضع کردہ ماحولیاتی تعلیم کے مقاصد بیان کیجیے۔

2۔ ماحولیاتی تعلیم کی تعریف جو International Union for the Conservation of Nature & Natural Resources (IUCN) - 1970 کی اسکولی نصاب میں ماحولیاتی تعلیم کی بین الاقوامی میٹنگ میں تشکیل دی گئی تھی۔ بیان کیجیے۔

3۔ طبعی ماحول میں بگاڑ پیدا کرنے والے کوئی تین عوامل اوران کے ماحول پر اثر انداز ہونے والے منفی اثرات کی تفصیل بیان کیجیے۔

4۔ ماحولیاتی تعلیم کے تین پہلو، 'ماحول کے متعلق تعلیم'، 'ماحول کے ذریعہ تعلیم' اور 'ماحول کے لیے تعلیم' کی ماحولیاتی تعلیم کی ماہیت کی روشنی میں وضاحت کیجیے۔

5۔ اقوام متحدہ (UNO) کی ماحول اور ترقی کے موضوع پر 1992ء کی کانفرنس جس کا ریوڈی جنیر یو میں انعقاد عمل میں آیا تھا کس نام سے معروف ہے۔ اس کانفرنس کے ذریعے طے پائی گئی تجاویز میں کوئی دو کی تفصیل بیان کیجیے۔

6۔ اصطلاح Threshold Value کی مثالوں کی مدد سے وضاحت کیجیے۔

7۔ ماحولیاتی تعلیم کے نصاب کی تدوین کن مختلف مراحل پر مشتمل ہوتی ہے؟ بیان کیجیے۔

8۔ بارش کے پانی کی ذخیرہ کاری (Rain Water Harvesting) کے مختلف طریقے کیا ہوتے ہیں؟ ان میں کسی ایک طریقہ کی تفصیلی وضاحت پیش کیجیے۔

9 دستور ہند میں تعلیم کے ذریعہ طلبہ میں ماحولیاتی اقدار کے فروغ کے لیے موجود آرٹیکل کی تفصیل بیان کیجیے۔

10۔ عالمی تنظیم صحت (World Health Organisation) کے مطابق Health Impact Assessment سے کیا مراد ہے؟

Part - B

II۔ مندرجہ ذیل دو سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ لکھیے۔ ہر سوال کے چودہ (14) نشانات مقرر ہیں۔ **14 x 2 = 28**

11۔ (الف) "موجودہ دور میں زندگی کے ہر میدان میں ترقی ناگزیر ہے۔ ترقی کے ساتھ ماحولیاتی بگاڑ ایک یقینی امر ہے" اس بیان کا تنقیدی جائزہ بالخصوص قابل بقاء ترقی (Sustainable Development) کے تصور کی روشنی میں پیش کیجیے۔

یا

(ب) اسکولی سطح پر ماحولیاتی تعلیم کی شمولیت کا تاریخی جائزہ پیش کیجیے۔ کن اہم بین الاقوامی اور قومی سطح کی کانفرنسوں وغیرہ کے نتیجہ میں ماحولیاتی تعلیم کو موجودہ موقف حاصل ہوا۔ تفصیل بیان کیجیے۔

12۔ (الف) ماحولیاتی بحران (Environmental Crisis) سے کیا مراد ہے؟ قدرتی وسائل کے تحفظ میں سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر جاری اقدامات کی تفصیل بیان کیجیے۔

یا

(ب) تحفظ جنگلات ایکٹ 1980 (Forest Conservation Act) جنگلات سے متعلق کن مختلف امور کا احاطہ کرتا ہے؟ اس کی خلاف ورزی کی صورت میں کس قسم کی سزاء عائد کی جاتی ہے؟ مثالوں کے ذریعہ تفصیل بیان کیجیے۔

☆☆☆